بسم اللہ الرحمن الرحیم

بِسْمِ اللهِ والحَمْدُ للهِ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيهِ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَمَنْ وَالَاهَ ، أَمَّا بَعْدُ :

## مقدمہ ؛ "فضیلۃ الشیخ العلامہ محمد بن عمر باز مول حفظہ اللہ کا مختصر سا تعارف"

منہج سلف کے متعلق ایک نئے درس کا آغاز کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے نام سے : "یہ منہج السلف میں سے نہیں" فضیلۃ الشیخ العلامہ محمد بن عمر باز مول حفظہ اللہ کے دروس میں سے یہ مادہ لیا گیا ہے اور آج کی نشست میں مقدمے کے طور پر اس موضوع کی اہمیت اور شیخ صاحب کا مختصر سا تعارف کرتے ہیں۔ (اور اگلے درس سے ہم اپنے ساتھ رٹن (Written) مادہ بھی لائیں گے اور آپ سب ساتھیوں کو بھی دیں گے ان شاء اللہ کیونکہ ہم آج اپنے ساتھ نہ لے کر آسکے، اردو میں ترجمہ موجود ہے آپ کو اردو ترجمہ دیں گے پھر ایک ایک پوائنٹ ہر ہفتے لیں گے اُس کی شرح بھی کریں گے ان شاء اللہ)۔

## یہ منہج السلف میں سے نہیں ہے

(۱) یہ وہ اہم باتیں ہیں جن کا تعلق منہج سے ہے جو ہم اس لیے ایک ساتھ مل کر سمجھنے کی کوشش کریں گے تاکہ ہم ان چیزوں سے بچ جائیں۔
(۲) یہ وہ خطرناک باتیں ہیں جو منہج السلف سے آپ کو دور کر دیتی ہیں۔

ہم نے یہ تو جان لیا پچھلے " **كن سلفياً على الجادة** " کے دروس میں سے کہ منہج السلف ہے کیا اُس کی تفصیل کیا ہے اگرچہ یہ کتاب " **كن سلفياً على الجادة** " جو ہے فضیلۃ الشیخ العلامہ عبدالسلام السحیمی حفظہ اللہ کی یہ ایک مختصر سی کتاب ہے منہج السلف کے تعلق سے تو حق کو جاننے کے بعد اب باطل جاننے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ ہم باطل سے بچ سکیں؛ جیسا کہ سیدنا حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: "لوگ اللہ تعالیٰ کے پیارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خیر کے بارے میں سوال کرتے تھے اور میں شر کے بارے میں سوال کرتا تھا تاکہ میں شر سے بچ سکوں"۔ اور ہم اسی راستے کو اختیار کرتے ہوئے خیر کا ذکر کرنے کے بعد "**كن سلفياً على الجادة**" کتاب کی شرح کرنے کے بعد جب ہم نے منہج السلف کو جان لیا ہے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اب اس علم کی مضبوطی کے لیے اور اپنے آپ کو باطل مناہج سے بچانے کے لیے اب ہم شر کو جانیں گے تاکہ ہم اس شر سے بچ سکیں اور یہ شر ہے "یہ منہج السلف میں سے نہیں" اور اگلے درس سے پہلے پوائنٹ پر بات کریں گے اور ہر درس میں ایک ہی پوائنٹ ہوگا مختصر سا ان شاء اللہ شرح کریں گے۔

## شیخ صاحب کا مختصر سا تعارف

فضیلۃ الشیخ محمد ابن عمر ابن سالم باز مول حفظہ اللہ:

1- مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے (سعودی عرب میں) اور مکہ سے علم حاصل کیا یہاں تک کہ انہوں نے پی ایچ ڈی (PhD) کی ڈگری حاصل کی ہے کتاب اور سنت میں "**القرآن وعلومه الحديث وعلومه**": قرآن اور حدیث میں سن 1414 ہجری میں۔ اب کیا ہے؟ 1436 ہے۔ کتنے سال ہو گئے؟ 12 سال سے انہوں نے پی ایچ ڈی (PhD) حاصل کی ہے۔

2- **جامعۃ أم القری** سے انہوں نے پی ایچ ڈی (PhD) کی ہے اور اب اسی **جامعۃ أم القری** مکہ میں پڑھاتے بھی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ **کلیۃ الدعوۃ وأصول الدین** میں بھی پڑھاتے ہیں مُدرّس ہیں اور **قسم القراءات کلیۃ الدعوۃ وأصول الدین** کے رئیس بھی ہیں **جامعۃ أم القری** میں، اور کئی اور بہت سارے مراکز کی انہوں نے سربراہی بھی کی ہے اور بنیادی حصہ بھی بنے ہیں۔

2- تفسیر قرآن کے بہت سارے لجان میں سے جو لجنات قائم ہوئے ہیں اُن میں بھی اِن کا ایک بنیادی کردار تھا قرآن مجید کی تفسیر اور قرآن مجید کے علوم میں، اور بہت سارے دورات شرعیہ جو قائم ہوتے ہیں اُن میں بھی بھرپور حصہ لیتے ہیں۔

تو شیخ صاحب کے علم سے طلاب علم واقف ہیں اور یہاں تک کہ آپ یہ دیکھیں علمی حیثیت کہ فضیلۃ الشیخ العلامہ الوالد شیخ ربیع بن ہادی المدخلی حفظہ اللہ جب مدینہ کی روانہ ہوئے (مکہ سے مدینہ کی طرف) تو اُن کا ایک درس جاری تھا، کئی دروس تھے اُن میں سے ایک درس تھا "**معارج القبول**" کی شرح کر رہے تھے تو جاتے وقت انہوں نے اپنے اس درس کو مکمل کرنے کے لیے فضیلۃ الشیخ محمد بن عمر باز مول حفظہ اللہ کو اپنی جگہ دی تاکہ وہ اس کتاب کی شرح کو جاری رکھیں۔ اور میں سمجھتا ہوں یہ بڑی سعادت ہے اور بڑی بات ہے کہ ایک علامہ جو ہیں وہ اپنی کتاب کی شرح ایک ایسے شاگرد کو اور ایسے عالم کو دیتے ہیں جو اُن کی جگہ اس کتاب کو پڑھائے۔

اور شیخ صاحب نے کئی یعنی کتابیں بھی لکھی ہیں کافی تالیفات ہیں اور منہج کے تعلق سے اُن کی بڑی پیاری تالیفات ہیں اور جن ساتھیوں کو عربی آتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ ان کی کتابوں کا تھوڑا سا مطالعہ کر لیں بڑی علمی باتیں ہیں اور باریک بینی تک جاتے ہیں:

1- مسائل اور اختلاف امت میں اُن کا حل کیا ہے۔

2- اسی طریقے سے خوارج کے تعلق سے اُن کی بڑی پیاری تصنیفات ہیں۔

3- جو مختلف مناہج ہیں باطل مناہج ہیں اُن کے تعلق سے ان کی تالیفات۔

4- اور منہج السلف کے تعلق سے جو تالیفات ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے کافی محنت کی ہے اور کافی ان کا علمی مادہ آپ کو ان کتابوں میں ملے گا (واللہ أعلم)۔

سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

یہ رسالہ ڈاکٹر مرتضیٰ بن بخش (حفظہ اللہ) کے آڈیو درس 00. یہ منہج سلف میں سے نہیں-مقدمہ سے لیا گیا ہے۔ سبق لسانی اور تعبیر کی غلطی کو درست کر دیا گیا ہے۔ قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر کوئی اور غلطی نظر آئے تو ضرور آگاہ کریں اور اس خیر کے کام میں شامل ہو جائیں۔

mp3 Audio